# حقائق نامہ: لسٹنگ اور مقاماتِ عبادات
فروری 2025

## ہم کون ہیں؟

- ہسٹورک انگلینڈ (Historic England) ہم سب کے لیے اہمیت کے حامل ورثے کی حفاظت کرتا ہے اور اسے ازسرنو بحال کرتا ہے، تاکہ آنے والے وقتوں کے لیے اس کا قیام اور پسندیدگی برقرار رکھی جائے۔ ان میں عمارات، ڈیزائن شدہ قدرتی مناظر جیسے کہ پارک اور باغات، آثار قدیمہ اور بہت کچھ شامل ہیں۔

## لسٹڈ (محفوظ کردہ تاریخی) عمارات کیا ہوتی ہیں؟

- لسٹنگ کا عمل ملک بھر کی خصوصی عمارات کو **قانونی تحفظ** دیتا ہے۔ لسٹنگ کے عمل کے ذریعے محفوظ بنائی گئی عمارات **لسٹڈ عمارات** کہلاتی ہیں۔
- کوئی بھی فرد کسی عمارت کو لسٹڈ بنانے کے لیے ہسٹورک انگلینڈ میں درخواست جمع کروا سکتا ہے - درخواست دینے کے لیے آپ کو فن تعمیر یا تاریخ کا ماہر ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔
- ہسٹورک انگلینڈ لسٹنگ کے عمل کے لیے درخواستوں کا جائزہ لیتا ہے اور محکمہ برائے ثقافت، میڈیا اور کھیل ( Department for Culture, Media and Sport, DCMS) کو سفارشات پیش کرتا ہے، جو اس پر حتمی فیصلہ دیتا ہے۔
- جب ہم لسٹنگ کے لیے کسی عمارت کا جائزہ لیتے ہیں، تو ہم دیکھتے ہیں کہ آیا اس میں **خصوصی دلچسپی** کا عنصر موجود ہے۔ اس سے مراد وہ چیزیں ہیں جو لسٹنگ کے عمل کے ذریعے عمارت کو خاص اور لائق تحفظ بناتی ہیں۔
- خصوصی دلچسپی کا یہ عنصر عمارت کی **فن تعمیر** کے باعث (یعنی کہ دکھائی کیسی دیتی ہے، کس طریقے سے تعمیر کی گئی تھی وغیرہ)، اس کی **تاریخ** کے باعث (مثال کے طور پر قومی طور پر اہم شخصیت یا واقعے سے مضبوط تعلق)، یا **دونوں کے ملاپ** کا نتیجہ ہو سکتا ہے۔
- عمارات کی اہمیت کے پیشِ نظر، یہ درجہ II، II* یا I کی لسٹنگ میں شامل کی جا سکتی ہیں۔ اکثر عمارات (تقریباً 92%) درجہ II کے لحاظ سے لسٹنگ میں شامل ہیں۔
- تمام تاریخی عمارات خصوصی دلچسپی کی حامل نہیں ہوتیں، اور اس معیار پر پورا نہ اترنے والی عمارات کو محفوظ بنانے اور ان کے اظہار کے دیگر طریقے موجود ہیں۔

## قومی ورثہ لسٹ برائے انگلینڈ کیا ہے؟

- ہر لسٹڈ عمارت کا ریکارڈ (لسٹ انٹری کے نام سے موسوم) قومی ورثہ لسٹ برائے انگلینڈ (National Heritage List for England) (جسے NHLE یا لسٹ کہا جاتا ہے)، میں شامل کیا گیا ہے، جو کہ ایک ایسا عوامی ڈیٹابیس ہے جس میں **انگلینڈ کے تحفظ یافتہ ورثے** کے بارے میں معلومات شامل ہیں۔

## کیا ہم اپنی لسٹڈ عبادت گاہوں میں تبدیلیاں کر سکتے ہیں؟

§ عمارت کے لسٹ شدہ ہو جانے کے بعد، اُن تبدیلیوں کا انتظام منصوبہ بند نظام کے ذریعے کرنا پڑتا ہے جو اس کی خصوصی دلچسپی کو متاثر کر سکتی ہیں۔

§ یہ عمل تبدیلیاں اور بہتریاں لانے سے نہیں روکتا، تاہم آپ کو **لسٹڈ عمارت کی رضامندی** (اجازت کی ایک قسم) کے لیے درخواست دینے کی ضرورت ہو سکتی ہے تاکہ آپ کو کسی بھی ایسی تبدیلیوں کی اجازت دی جا سکے جو عمارت کی خصوصی دلچسپی کو متاثر کر سکتی ہوں۔ یہ جاننے کے لیے کہ آیا آپ کو لسٹڈ عمارت کی رضامندی (یا کسی دیگر قانونی تقاضے) کے لیے درخواست دینے کی ضرورت ہے، براہ کرم ہسٹورک انگلینڈ کے اپنے مقامی دفتر سے رابطہ کریں (ذیل میں دیکھیں)۔

§ لسٹڈ عمارت کی رضامندی کی درخواستوں سے متعلق فیصلے **مقامی منصوبہ ساز اتھارٹی** کی جانب سے کیے جاتے ہیں۔ بعض صورتوں میں، مقامی منصوبہ ساز اتھارٹیز سے ہسٹورک انگلینڈ کو اطلاع دینے یا رضامندی طلب کرنے کا تقاضا کیا جاتا ہے۔

## ہسٹورک انگلینڈ ان مذہبی گروہوں کی معاونت کیسے کرتا ہے جو لسٹڈ عمارات استعمال کرتے ہیں؟

- ہم مذہبی کمیونٹیز کو عبادت اور دیگر استعمالات کی خاطر تاریخی عمارات کو مصرف میں لانے میں لا دے کر ان کی معاونت کرتے ہیں۔
- ہم حساس طور پر مطابقت پذیر بنائی گئی جگہوں اور نئی سہولیات کی تنصیب سے متعلق مشورے دیتے ہیں تاکہ عبادت گاہ کو وسیع مقاصد کے لیے استعمال کیا جا سکے۔ نیز ہم ان مذہبی کمیونٹیز کو مشاورت بھی فراہم کرتے ہیں جو اپنی عمارات کو موسمیاتی تبدیلی کے لحاظ سے مزید مزاحم بنانا چاہتی ہیں۔
- ہم ان گرانٹس سے متعلق مشورے بھی دیتے ہیں جو تاریخی عمارات کی دیکھ بھال پر مامور مذہبی کمیونٹیز کے لیے دستیاب ہو سکتی ہیں۔

## کیا عبادت گاہیں اور دیگر مذہبی عمارات لسٹ شدہ کی جا سکتی ہیں؟

§ قومی ورثہ لسٹ برائے انگلینڈ پر لسٹڈ عمارات کے لیے تقریباً 380,000 انٹریز موجود ہیں، جن میں 16,000 سے زائد عبادت گاہیں ہیں۔ لسٹڈ عبادت گاہوں میں ایسی عمارات شامل ہیں جو کثیر تعداد میں مذہبی کمیونٹیز کی جانب سے استعمال کی جاتی ہیں۔

§ بعض اوقات ایک لسٹڈ عمارت اپنی تعمیر کے بعد سے ایک سے زائد مختلف عقائد کے حامل گروہ کی جانب سے استعمال کی جاتی ہے۔ مثال کے طور پر، وولویچ کا گردوارہ صاحب، جو کہ ابتداءً میتھوڈسٹ چرچ کے طور پر تعمیر کیا گیا تھا اور 1970 کی دہائی میں سکھ کمیونٹی کے استعمال کے لیے تبدیل کیا گیا تھا۔

- § مذہبی کمیونٹیز کے زیر استعمال لسٹڈ عمارات ایسی بھی ہیں جو ابتداءً اسکولوں، تھیٹرز اور سینماز جیسے دیگر مقاصد کے لیے تعمیر کی گئیں، جن میں ہارو میں موجود ایس (Ace) سینما بھی شامل ہے، جو اب یورپ کے لیے زرتشتی مرکز ہے۔
- § لسٹنگ کے ذریعے تحفظ یافتہ عمارات سے مراد ہے کہ لوگ خصوصی تاریخی عمارات میں عبادت کر سکتے ہیں، جس سے ان میں کمیونٹی کا وسیع احساس اجاگر ہوتا ہے۔ انگلینڈ کی 60 سے زائد لسٹڈ عبادت گاہوں میں عبادت گزاروں کے ایک سروے میں، 88% نے اس بات پر اتفاق کیا کہ ان کی لسٹڈ عبادت گاہ نے کمیونٹی میں ایک نئی روح پھونکنے میں مدد دی ہے۔[1]

**لغت:**

- **مذہبی کمیونٹی:** افراد کا ایسا گروہ جو ایک جیسی مذہبی روایات رکھتے ہوں اور ایک ہی مقام پر عبادت کرتے ہوں۔ کچھ مذاہب میں اس کمیونٹی کو فرقہ کہا جا سکتا ہے۔
- **عبادت گاہیں:** عبادت گاہوں میں چرچز، سینیگاگز، گردوارے، ٹمپل، مندر، مساجد اور بہت کچھ شامل ہے۔ ان میں ایسی تاریخی عمارات شامل ہو سکتی ہیں جو عبادت کرنے کے مقصد سے مطابقت پذیر بنائی گئی ہوں۔
- **منصوبہ ساز نظام:** انگلینڈ میں تمام زمین اور عمارات کا استعمال اور ترقیاتی کام منصوبہ ساز نظام کے ذریعے کنٹرول کیا جاتا ہے۔ اس میں موجود عمارات میں اہم تبدیلیوں کے ساتھ ساتھ نئی عمارات کی تعمیر بھی شامل ہے۔ یہ نظام یقینی بناتا ہے کہ ترقیاتی کام درست جگہ پر بروقت کیا جائے۔

**ہسٹورک انگلینڈ کے اپنے مقامی دفتر سے رابطہ کریں:**

- § **نارتھ ویسٹ:** northwest@HistoricEngland.org.uk
  *چیشائر، کمبریا، گریٹر مانچسٹر، لینکاشائر اور مرسی سائیڈ*
- § **نارتھ ایسٹ:** northeast@HistoricEngland.org.uk
  *کاؤنٹی ڈرہم، نیوکیسل، نارتھمبرلینڈ، ٹیس ویلی، ٹائن اینڈ ویئر*
- § **یارک شائر:** yorkshire@HistoricEngland.org.uk
  *ایسٹ رائیڈنگ آف یارک شائر، کنگسٹن اپان ہل، نارتھ، ساؤتھ اینڈ ویسٹ یارک شائر، یارک*
- § **ایسٹ آف انگلینڈ:** eastofengland@HistoricEngland.org.uk
  *بیڈفورڈشائر، کیمبرج شائر، ایسیکس، ہارٹ فورڈشائر، نورفوک، سافک*
- § **ساؤتھ ویسٹ:** southwest@HistoricEngland.org.uk
  برسٹل، کارن وال، ڈیون، ڈورسیٹ، گلوسیسٹر شائر، آئلز آف سلی، سومرسیٹ، ولٹ شائر
- § **مڈلینڈز:** midlands@HistoricEngland.org.uk
  ہیرفورڈ شائر، شروپشائر، اسٹافورڈشائر، واروکشائر، ویسٹ مڈلینڈز، وورسیسٹرشائر، ڈربی شائر، لیسیسٹر شائر، لنکن شائر، نارتھ ایمپٹن شائر، نوٹنگھم شائر، رٹلینڈ
- § **لندن اینڈ ساؤتھ ایسٹ:** londonseast@HistoricEngland.org.uk
  *گریٹر لندن، برک شائر، بکنگھم شائر، ایسٹ سسیکس، ہیمپشائر، آئل آف وائٹ، کینٹ، آکسفورڈشائر، سورے، ویسٹ سسیکس*

اس حقائق نامے کا ترجمہ شدہ ورژن درج ذیل میں دستیاب ہیں:

- رومانین română
- ਪੰਜਾਬ **Panjabi**
- اردو **Urdu**
- تامل தமிழ
- ملیایم മലയാള

**historicengland.org.uk**

[1] انگلش ہیریٹیج اینڈ لیونگ اسٹونز (2010) 'نعمت یا زحمت؟ لسٹڈ عبادت گاہیں اور کمیونٹیز میں ان کا کردار'